بسم اللہ الرحمن الرحیم
والعصر ۝ ان الانسان لفی خسر ۝

جامعہ عثمانیہ پشاور کا ترجمان

مدیر مسئول

مفتی غلام الرحمن

العصر

ماہنامہ

جامعہ عثمانیہ

نوتھیہ روڈ ۞ پشاور

عثمانیہ پشاور کا ترجمان

ماہنامہ العصر پشاور

جلد نمبر ۲ — شمارہ نمبر 10

ادارت | سرپرست: شیخ الحدیث مولانا شیر علی شاہ
پی ایچ ڈی مدینہ منورہ

مسئول: مفتی غلام الرحمٰن ۔ نائب مدیر: مولانا ذاکر حسن نعمانی

اکتوبر 1996ء / جمادی الاولیٰ ۱۴۱۷ھ

اس شمارے میں

افغانستان میں طالبان کی کامیابی (اداریہ)		2
سورۃ فاتحہ	مفتی غلام الرحمان	6
اسوہ حسنہ حیاء کا مقام	مولانا اکرام اللہ جان	11
سودی معیشت	مفتی ذاکر حسن	13
دار الافتاء	مفتی غلام الرحمان	19
العصر کے نام	اختر علی شاہ	25
شرکت کی حقیقت اور اس کا دائرہ کار	مفتی غلام الرحمان	32
اخبار جامعہ	مولانا حسین احمد	48

بدل اشتراک

فی پرچہ: ۵ روپے

سالانہ اندرون ملک: ۶۰ روپے

بیرون ملک: ۱۰ ڈالر

رابطہ

فون نمبر: ۲۷۳۵۱۱-۰۵۱

خط و کتابت

ماہنامہ العصر پوسٹ بکس ۱۲۰۹
جامعہ عثمانیہ پشاور کینٹ پاکستان

ترسیل زر

ماہنامہ العصر اکاؤنٹ نمبر ۸۸۰۷
یونائیٹڈ بینک
سنہری مسجد روڈ پشاور صدر

پبلشر

مفتی غلام الرحمٰن

مقام اشاعت: جامعہ عثمانیہ
نزد کوہاٹ محسن خان تہکال روڈ پشاور صدر

وحدت پرنٹرز پشاور

صدائے عصر

مدیر مسئول

افغانستان میں "طالبان" کی کامیابی!!

ستمبر ۱۹۹۶ء کا آخری عشرہ افغانستان کی تاریخ میں وہ یاد گار ایام ہیں جن میں احیاء اسلام کی عظیم کوشش "طالبان" کی شکل میں کامیابی کی جھلک دکھانے لگیں "طالبان ملیشیا" نے مختصر وقت میں بغیر کسی بڑی خونریزی کے راتوں رات کابل پر قابض ہو کر اسلامی حکومت قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ ابتدائی مرحلہ میں چھ رکنی عبوری کونسل کے قیام کے نتیجہ میں "ملا محمد ربانی" کو اختیارات سونپے گئے۔ اخباری اطلاعات اور عینی شاہدوں کے بیان کے مطابق عوام خوشی کا اظہار کر رہے ہیں اور حالات تیزی سے بدل رہے ہیں "طالبان" کی وجہ سے امن و امان کے قیام اور اشیاء خوردو نوش کی قیمتوں میں کمی کے اثار محسوس ہونے لگے۔

"طالبان" کی کامیابی بلاشک و شبہ موجودہ دور کا محیرالقول اور ہنگامہ خیز کارنامہ ہے کسی سپر طاقت یا کسی بیروں ملک کے تعاون کے بغیر ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے ہاتھ میں کلاشکوف اٹھائے ہوئے بے یارومدگار محض اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر یقین کرنے والی جماعت کا ملک کے 2/3 حصے اور دارالخلافہ پر قبضہ کرنا اور چودہ سالہ گوریلا جنگ کے آزمودہ اور تجربہ کار کمانڈروں کو شکست دینا ناقابل فہم واقعہ ہے۔ اس نے کفر کی پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ روس کو یہ خطرہ لاحق ہے کہ کہیں "طالبان" اس سے افغانستان میں اس انسانیت سوز سلوک کے چودہ سالہ کھیل کے انتقام میں بخارا سمرقند کی طرف نہ بڑھیں۔

ہندو قوم کو محمود غزنوی اور احمد شاہ ابدالی کی مہیب شکلیں طالبان میں نظر آئیں۔ آئے دن ہندوستانی اخبارات یہ خدشہ ظاہر کر رہے ہیں کہ "طالبان" اپنی فاتحانہ یلغار کا رخ وسط ایشیا یا کشمیر کی جانب موڑ سکتے ہیں اور بابری مسجد کی جگہ مندر کی تعمیر ادھوری رہ کر کئی دوسرے مندروں کی جگہ مساجد اور مدارس بن سکتے ہیں۔

افغانی عوام اور جہاد افغانستان کے لئے اسلامی ممالک اور اسلامی قوتوں نے جو

...ہیں ان کو طالبان سے بڑی توقعات وابستہ ہیں وہ "طالبان" کو جہاد ...کے پندرہ لاکھ شہداء کے مقدس خون کا امین سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ "طالبان" ...یتیموں کا کفیل اور لاکھوں بیوؤں بے سہارا ماوؤں اور بہنوں کا وکیل سمجھتے ...خلافت راشدہ کے طرز پر پندرھویں صدی میں خالص اسلامی حکومت کا قیام ...اور درد دین رکھنے والے مسلمانوں کی دیرینہ خواہش ہے۔ "طالبان" کی ...کے لئے نصرت الٰہی اور تائید ربانی کی ایک شکل ہے۔

..."طالبان" افغان عوام اور پوری دینا کے مسلمانوں کی توقعات پر پورا اترنے ...پیش کریں گے۔ اس کے لئے "طالبان" پر کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جن ...کرتے ہوئے وہ اپنے اہداف اور عزائم میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں ...کو اپنے پیش رو چودہ سال تک روس کے مقابلہ میں جہادی زعماء کی چار سالہ ...کے کردار کو مد نظر رکھنا چاہیئے کہ لاکھوں قربانیوں کے بعد اقتدار کیلئے باہمی ...چپقلش اور جنگ و جدال کا میدان گرم کرنے والوں کا انجام کیا ہوا؟ جنہوں نے ...کابل کے حصول اور "قصر گل خانہ" تک رسائی کے لئے کابل کے پر رونق ...بازاروں اور رہائشی آبادیوں کو مسمار کر کے مسلمان کے خون کو اتنا سستا کر دیا تھا جس ...کی نظیر کمیونسٹوں کے دور میں نہیں ملتی باہمی جنگ و جدال میں مشغول زعماء نے ...عوام کی فلاح و بہبود کو یکسر بھلا دیا تھا جس کے نتیجہ میں افغانستان کے گاؤں گاؤں اور ...قریہ قریہ میں ظلم و تشدد، لوٹ مار اور ظلم و ستم کا ایسا بازار گرم رکھا کہ کسی کی جان ...مال محفوظ نہ رہا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان سے اقتدار چھین کر "طالبان" کے ...حوالے کیا اگر طالبان نے اس سے سبق نہیں سیکھا اور بے وفا تخت کابل پر مسند نشین ہو ...کر اپنی توجہات مقابل کو زیر کرنے یا خواہشات کی تکمیل پر مرکوز رکھیں تو وہ دن دور ...نہیں کہ ان کا حشر بھی معزول حکومت سے غیر ہو "**وان تتولو یستبدل قوما غیرکم ثم لایکونو امثالکم**"

...بہر حال افغان عوام نے "طالبان" کو خوش آمدید کہا، کیوں کہا؟ کیا یہ کہیں پاکستان ...کے پروردہ ہیں؟ کیا ان کے پیچھے امریکہ کا ہاتھ ہے؟ کیا یہ افغانستان کی تقسیم کے ...علمبردار ہیں؟ کیا یہ نجیب اور اس کے بھائی کو آریانا چوک میں پھانسی دیں گے؟ کیا یہ

ربانی ' سیاف ' احمد شاہ مسعود اور حکمت یار کو منظر عام سے ہٹائیں گے ؟ کبھی نہیں
ان کے لئے " طالبان " نے نہ تعلیمی زندگی قربان کی ہے ۔ اور نہ قیمتی جانوں کا نذرانہ
پیش کیا اور نہ مجاہدین نے ان باتوں کے لئے احزاب سے ترک تعلق کر کے ان
کی آواز پر لبیک کہا ہے ۔ بلکہ ان کا اہم ہدف صحیح اسلامی خلافت کا قیام اور اس کے
سائیہ میں جان و مال ' نسب ' عقیدہ اور عزت کے تحفظ کے لئے آفاقی نظام کی ترویج
ہے ' اس لئے " طالبان " کی اولین ذمہ داری ہے ۔ کہ کابل کے عوام کو مثالی امن و
امان دیدیں ۔ اس کے ساتھ افغانستان جو مدتوں سے گولہ و بارود کی زد میں ہے اور
ویران پڑا ہے ۔ تعمیر نو کا محتاج ہے ۔ اقتصادی مشکلات اور لوگوں کی بھوک و افلاس
کی حالت کو سدھارنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ افغانستان کی مذہبی حالت اور خودمختار
حیثیت اسلامی حکومت کے قیام کے لئے موزون قطعہ ہے ۔ اس میں تجرباتی بنیاد پر جو
کام کیا جا سکتا ہے اس سے یورپی دنیا کو سرمایہ داری اور نام نہاد جمہوری نظام کے
مقابلہ ہیں ایک بہترین نظام مل سکتا ہے ۔

" طالبان " کے اکابرین کو اس خوش فہمی میں مبتلا نہیں ہونا چاہئے کہ کہیں اس میدان
میں اسلامی ممالک ان سے تعاون کریں گے ۔ کیونکہ موجودہ دور کے اکثر اسلامی ممالک
کے سربراہان امریکہ کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں ۔ وہ واشنگٹن کے لئے کام کرنا اپنے
اقتدار کی بقاء سمجھتے ہیں ۔ اس لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ کہیں ان کی مدد کریں بلکہ نظام
کی ناکامی کے لئے ان کے مذموم مساعی پر نظر رکھتے ہوئے بیدار رہنا ہوگا کامیاب
خارجی پالیسی پر توجہ دینا خاص کر ہمسایہ ممالک سے بہتر تعلقات استوار کرنا افغانیوں
کے مفادات میں " **لاتتخذو الیھود والنصاریٰ اولیاء** " یعنی یہودیوں اور عیسائیوں سے دوستی
مت رکھو کو بنیاد پر بنا کر امریکہ کی ریشہ دوائیوں سے چھٹکارا مل سکتا ہے ۔ ورنہ
امریکی مفادات کا تحفظ یا شاہ پرستی کو موقعہ دینے سے وہ تمام پروپیگنڈے درست ثابت
ہو سکتے ہیں جن سے اخبارات اور رسائل بھرے پڑے ہیں ۔ جھادی احزاب کے
زعماء اور مخالف دھڑوں سے انتقامی سلوک روا رکھنے کے بجائے ساتھ لیکر چلنے کی
پالیسی پر گامزن رہنے سے اچھے نتائج سامنے آ سکتے ہیں ۔ ورنہ کسی ایک مسلمان کا
ناحق خون گرانے سے پورا نقشہ بدل سکتا ہے ۔

... کے علاوہ اس میدان میں ہمارے علماء پر بھی خاص ذمہ داریاں عائد ہوتی
... اگرچہ ابھی تک کے واقعات افغانستان کا اندرونی معاملہ تھا ہمارے علماء طرفین
... درمیان باہمی مصالحت اور گفت شنید کے علاوہ اور کیا کچھ کر سکتے تھے ۔ لیکن
... حکومت کے قیام کے نام سے طالبان کے تخت کابل پر قابض ہونے سے علماء کی
... داریاں بڑھ گئیں ہیں ۔ " طالبان " طبعی طور پر جوشیلے اور انتہا پسند ہوتے ہیں
... میں ان کی انتہا پسندی اور شدت سے پوری دنیا میں اسلامی تحریک متاثر ہوگی
... خواتین کے تعلیمی اداروں کی بندش ' اطلاعات و نشریات کے اداروں کا
... طور پر ... کرنا ' ماحول میں کسی اصلاحی محنت سے قبل داڑھی ' انگریزی بال رکھنے ' ننگے سر
... نے اور یا مسجد سے کسی کی غیر حاضری کو قابل تعزیر جرم اختیار کر کے اس کو سزا
... کی سرگرمیاں روا رکھنے سے ایسا نہ ہو کہ لوگوں میں منفی رد عمل ہو ۔ بے شک
... کو تعلیم دیں لیکن بے حیائی اور بے پردگی کو روکیں ' ٹی وی اور ریڈیو کے
... بندش کے بجائے اصلاح کے محتاج ہیں ' اس لئے اس میدان میں طالبان
... اور دوسرے ممالک کے علماء کی سرپرستی کے محتاج ہیں ۔ اسلامی نظام پر تحقیق
... والے ماہرین کی ذمہ داری ہے کہ وہ " طالبان " سے تعاون کر کے عملی میدان
... جوہر کمالات دکھائیں ورنہ خدانخواستہ اس نظام کی ناکامی سے پوری دنیا میں کسی کو
... نظام کا نام لینے کی جرأت نہیں ہو گی ۔

والعصر ان الانسان لفی خسر

عبدالسلام الرحمٰن عفی عنہ

۲۵ / ۵ / ۱۴۱۷ھ ۔

محاسن القرآن

مفتی غلام الرحمٰن

الحمد للہ رب العلمین

(سب تعریف اللہ کیلئے ہیں جو پالنے والا سارے جہاں کا)

" سورۃ فاتحہ " کی پہلی آیت ہے ذہن سازی کے لئے نرالا انداز بیان اختیار کر انسان کے ذہن میں اللہ تعالیٰ کی عظمت بٹھائی جاتی ہے ۔ تاکہ مخلوق کے کسی ظاہ کمالی اور عارضی اختیار سے دھوکہ نہ کھائے کیونکہ ظاہر بینی کے دلدادے عموماً" دنیا رعنائیوں پر دھوکے کا شکار ہو کر غفلت اختیار کرتے ہیں ۔ سورت مجموعی اعتبار اللہ تعالیٰ کی عظمتوں اور قدرتوں کا آئینہ ہے ۔ ایک طرف اللہ تعالیٰ کی صفتیں بیا ہوتی ہیں دوسری طرف انسان کو اپنے عجز ' کمزوری اور ناتوانی کا احساس دلایا جاتا گویا قرآن پر یہ اعلان کر رہا ہے کہ واقعہ یہ نہیں جو تم نے سمجھا ہے بلکہ حقیقت اور ہے ۔ یہ تمھیں جو کچھ نظر آتی ہے یہ تمہاری نظر کا دھوکا ہے ۔ حقیقت تو تم لاپرواہی اور غفلت کے پردوں میں چھپی ہوئی ہے ۔ کیونکہ دنیا میں کمال کی جو صفتیں تمہیں نظر آتی ہیں حسن و جمال کی جن رعنائیوں اور لطافتوں سے تمھیں دھوکہ ہو ہے یہ ذاتی نہیں بلکہ ان کے مناشی ' کہیں اور ہیں ' ایک جملہ میں یہ بتایا گیا کہ عزت و عظمت کی تمام صفتیں اس ذات باری تعالیٰ کے لئے ہیں جو تمام مخلوقات کا پالنے وال ہے ۔

" الحمد للہ " کے جملہ میں " ال " نے شمول و استغراق کا ایسا دائرہ کھینچا کہ کمال کی کوئی صفت اس سے باہر نہ رہی اگر کوئی صفت اس کے دسترس سے باہر ہو تو وہ کمال کی صفت نہیں ہو گی ۔ الف و لام جنسی یا عھد خارجی ہوں تب بھی صفات الوھیت واجب تعالیٰ کا خاصہ ہے مخلوق کا اللہ کی صفات سے موصوف ہونا ممکن نہیں ۔ اگر صفت صفت ہے تو وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کی ہے ۔

۲ - ۴

...پرستی کی تردید

...کے حالات کے تجزئیہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ جہاں کہیں ...کے علمبرداروں ...ٹھرایا گیا اس میں ان کے عارضی محاسن اور خوبیوں کا زیادہ دخل رہا کسی ...معبود ...کا گرویدہ بن کر عبادت شروع کی قرآن کے اس مختصر جملہ میں مخلوق ...خوبی ...کی گئی اور یہ بتایا گیا کہ ان تمام خوبیوں کا مالک اللہ تعالیٰ ہے مخلوق کی ...زیدو ...کے ذاتی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا عکس ہیں اس لئے وہی عبادت ...ان ...ہے

حمد اور لفظ اللہ کا مقصد

حمد کسی ایسی خوبی پر ثنا و صفت کا نام ہے جسمیں ...دخل رکھتا ہو ۔ ورنہ غیر اختیاری خوبی پر تذکرہ خیر کو " مدح " کہا جاتا ہے ۔ ...اللہ " باری تعالیٰ کا اسم ذات ہے اس کے علاوہ کئی اسماء سے ذات اقدس کو ...جاتا ہے ۔ زمانہ قدیم سے باری تعالیٰ کا تعارف اس نام سے رہا کسی غیر اللہ پر ...نہیں ہوا یہ لفظ ہمیشہ کے لئے عظمت ' کمال تقدیس اور جلال کا حامل رہا

...اللہ کی عظمت

...ابن کثیر کے حوالہ سے حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں رسول نے فرمایا کہ اگر ...دنیا بھر کی امت کے کسی شخص کو دی جائے پھر اس شخص نے اس پر " الحمد اللہ " ...یہ تمام دنیا کے مقابلہ میں بہترین نعمت ہے (ابن کثیر ج 23/1)

اس کی وجہ غالباً" یہ ہے کہ نعمت اس وقت نعمت ہے جب انسان کے لئے خوشی ...ان کا باعث ہو ورنہ اگر کوئی نعمت انسان کے لئے وبال جان ثابت ہو تو وہ ...کے بجائے زحمت ہو گی کسی احسان پر جب اللہ تعالیٰ کا حمد ادا ہو یہ اس نعمت ...کی شکر گزاری ہے ۔ حضرت عبد اللہ بن عباس فرماتے ہیں " الحمد اللہ کلمہ کل ..." (قرطبی 1/ 134) الحمد اللہ ہر شکر ادا کرنے والے کی صدا ہے

حضرت آدم نے سب سے پہلے " الحمد للہ " پر زبان کھولی آپ کی روح جب ناف ...پہنچی تو آپ کو چھینک آئی جس پر آپ نے " الحمد للہ رب العالمین " کہا (الکبیرا / 225)

سب سے زیادہ شاکر بندے اللہ تعالیٰ کے انبیاء علیہ السلام ہیں ۔ اس لئے قرآن کے آئینہ میں انبیاء کی زبان پر " الحمد اللہ " دیکھا جاتا ۔ حضرت نوح علیہ اسلام کو جب نافرمان قوم سے نجات کی راہ دکھلائی گئی تو ساتھ یہ فرمایا ۔ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (المومنون ر 28)

حضرت ابراہیم علیہ اسلام کو جب بڑھاپے میں اولاد کی نعمت سے نوازا تو آپ نے " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ کہا "

(ابراہیم ر 39)

حضرت داوَد اور حضرت سلیمان کو جب اللہ نے علم کے خاص مواد عطا کئے تو آپ دونوں نے یہی الفاظ دہرائے

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

(النمل ر 15)

اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ان کلمات کی تعلیم دیکر فرمایا ۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ الآیہ (الاسراء 111)

جنت میں بھی اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے ہونگے اس لئے وہاں پر بھی ان کی زبان پر یہی کلمہ جاری ہو گا

" وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ "

(یونس ر 10)

مسلمان کو دن بھر اعمال و افعال میں یہی تعلیم دی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے

اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ سے مسنون دعاؤں میں اس کا کلمہ کا تذکرہ زیادہ منقول ہے ۔ چنانچہ کھانے کے بعد الحمد اللہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمین "

اگرچہ کھانا ملنا اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے لیکن پھر اس کا ہضم ہو کر انسان کی ۔۔۔ کا ذریعہ بننا دوسری بڑی نعمت ہے ۔ اس لئے ہضم ہو کر قضاحاجت سے ۔۔۔ کے بعد اللہ تعالیٰ کے حمد ادا کرنے کی تعلیم دی گئی کہ جب فارغ ہو ، تو یوں

۔۔۔ للہ الذی اذهب عنی الاذی وعافانی غفرانک "

۔۔۔ کام کی اصلاح کا اہم ذریعہ نیند ہے ۔ اس لئے خواب سے بیدار ہونے پر یہ ۔۔۔ کر یوں پڑھے

۔۔۔ للہ الذی احیانا بعد ما اماتنا والیہ النشور " ایسا ہی نئے کپڑے پہننے کے ۔۔۔ یہ دعا پڑھنا سنت ہے۔

۔۔۔ الذی کسانی ما اواری بہ عورتی واتجمل بہ حیاتی اور پانی پینے کے بعد ۔۔۔ ھنا سنت ہے

۔۔۔ للہ الذی جعلہ غذبا فمراتا برحمتہ ولم یجعلہ ملحا اجاجا بذنوبنا "

۔۔۔ ان تمام مقامات میں " الحمد اللہ کا استعمال وارد ہے صرف اس سے تخصیص ۔۔۔ ب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف مہربانی پر نظر پڑے تو الحمد اللہ کہنا چاہئے

۔۔۔ کے استعمال میں احتیاط

احتیاط کرنا چاہئے کہ کہیں کسی مسلمان کی تکلیف پر زبان سے یہ کلمہ نہ نکلے ۔۔۔ ذاتی مفادات کو مد نظر رکھنا مسلمان کا دستور نہیں بلکہ دوسرے مسلمانوں کی خیر ۔۔۔ احساس بھی مسلمان کا فریضہ ہے " حضرت سری السقطی " سے منقول ہے کہ ۔۔۔ ایک بار " الحمد اللہ " کہنے کی وجہ سے تیس سال سے استغفر اللہ پڑھ رہا ۔۔۔ نے پوچھا یہ کیسے ؟ آپ نے کہا ایک دفعہ بغداد میں آگ لگ گئی جس سے ۔۔۔ کی دکانیں جل گئیں البتہ میری دکان محفوظ رہی کسی نے مجھے اس کی خبر دی تو ۔۔۔ ان محفوظ رہ جانے پر میری زبان سے " الحمد اللہ " نکلا ۔ بعد میں مجھے سوچ آیا ۔۔۔ میں اگرچہ میری دکان بچ گئی ہے لیکن دوسرے مسلمانوں کی دکانیں خاکستر ہو ۔۔۔ وت اور اخلاق کا تقاضا تھا کہ میں دوسرے مسلمانوں کے نقصان کو دیکھتے ہوئے ۔۔۔ اپر خوش نہ ہوتا پس میں تیس سال سے اس گناہ کے ازالہ کے لئے استغفر

اللہ پڑھ رہا ہوں (اکیرام ر 225)
کسی اخروی اور دینی نعمت کا حصول "الحمد اللہ" کہنے کا بہترین موقعہ ہے تاہم
نعمتیں بھی اللہ تعالی کی مہربانی سے ملتی ہیں اسلئے ایسے مواقع پر مفاد پرستی کے
منعم حقیقی کی مہربانی کی نیت زیادہ منظور نظر ہونی چاہیے البتہ ذاتی مفاد کے
اگر کسی مسلمان کا نقصان وابستہ ہو تو وہاں پر احتیاط کا دامن تھامنا چاہیے تاکہ کی
ہوئے کام پر ندامت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

مہمانان رسول صلی اللہ علیہ وسلم یعنی طلباء علوم نبوی سے محبت رکھنے والے
مسلمانوں کے بے لوث جذبہ خدمت کے اظہار کا

"سنہری موقعہ"

جامعہ عثمانیہ کی موجودہ عمارت کے جنوب مشرق سے متصل سات مرلہ مکان چا
تیئس ہزار روپے کے عوض بیع قطعی سے جامعہ کے لئے خرید کر احاطہ میں شامل
ہے۔ فی الحال عمارت کی تنگی اور آئندہ چند سالوں میں تعلیمی درجات کے اضا
لئے عمارت کے سلسلہ مشکلات کا کچھ حد تک انشاء اللہ تعالی ازالہ ہو گا۔
کے فقدان کے ہوتے ہوئے محض اللہ تعالی کی قدرت کاملہ پر اعتماد کر کے یہ
خریدا گیا ہے جس کی قیمت واجب الاداء ہے قارئین العصر خود اور زیر اثر حل
اللہ تعالی کے دین کی ترقی کے لئے ترغیب دلا کر اس سنہری موقعہ سے فائدہ ا
ثواب حاصل کر سکتے ہیں۔ رقوم بذریعہ ڈاک بنک ڈراف اور چیک بھیجی جا سکتے

بنک اکاونٹ 96-1204
حبیب بنک برانچ صدر روڈ
پشاور صدر

پتہ ڈاک
مہتمم جامعہ عثمانیہ پوسٹ بکس 09
نو تھیہ روڈ پشاور صدر

سودی معیشت

مفتی ذاکر حسن

...یت، سودی نظریات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ

...نیا میں معیشت اور تجارت پر سود کی حکمرانی ہے۔ خاص کر بینکوں کا ...ہے قرآن و حدیث سے بعض بے خبر مادہ پرست مسلمان بھی اس کو ...ر اس کے بغیر معیشت اور تجارت بالکل نہیں چل سکتی۔

...ہے کہ سودی معیشت کے مقابلہ میں اسلامی تجارت و معیشت کامیاب نہیں ...دیہ ہے مسلمانوں کی اکثریت اسلامی تجارت کے بنیادی اصولوں سے ...بازار کا سروے کرلیں ایک کاروباری یا تاجر آپ کو ایسا نہیں ملے گا۔ جو ...ے جانتا ہو اور اس کے مطابق کاروبار کرتا ہو۔ زیر نظر سطور میں سود کی ...ر معاشیات کی کتابوں میں مذکور ہے پیش خدمت ہے۔ سود کیوں ضروری ...ہ نظریات کارفرما ہیں ان کا ذکر اور تنقیدی جائزہ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

...

...ا معاوضہ ہے (پروفیسر کینز) پروفیسر الیستھم کہتے ہیں۔ زرنقد کو اپنی ...ی بجائے کسی کو ادھار دینے سے انسان کو بعض فوائد سے محروم رہنا پڑتا ...ے عوض جو ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ سود کہلاتی ہے۔

...نرخ سود سے مراد وہ قیمت ہے جو ایک بینک یا مقروض اپنے قرض خواہ ...ے کو سرمائے کی ایک معینہ عرصہ کے لئے استعمال کرنے کے عوض ادا کرتا ...یات حصہ اول 516) ان تعریفات میں قدر مشترک یہی ہے کہ سود رقم کا

سود کیوں ادا کیا جاتا ہے۔ Why is interest paid

جن ممالک میں سرمایہ دارانہ نظام رائج ہے وہاں سود کو مرکزی حیثیت حاصل ہے ... پیدائش میں ایک عامل سرمایہ ہے سرمایہ دارانہ فلسفے کے مطابق سرمایہ فراہم کرنے والے ... سود دیا جائے گا اس سودی نظام میں آخرت اور خوف خدا کا کوئی تصور نہیں بلکہ تصور آخرت ... کو اس نظام کے لئے مضر سمجھتے ہیں۔ پروفیسر سموئل سن اپنی کتاب (اکنامکس) میں نظریہ ... کے تحت لکھتے ہیں۔

...s people empharize the here after as against this world if they despise ...rial prosperity. (Economics 10th Edition Page 765)

اگر لوگ اس دنیا کے مقابلہ میں آخرت پر زور دیں اور اس مادی خوشی کو حقارت کی نظر ... دیکھیں۔

تھوڑا آگے چل کر لکھتے ہیں۔

All Such Cultural Traits are of Course not particular, Conducive to Eco... Development

پروفیسر موصوف نے اس نظریہ کے تحت اوپر جو کچھ بیان کیا اس کے بارے میں جملے ... ہیں۔

جس کا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کی روایات یقیناً" معاشی ترقی کے لئے مناسب ... سموئل سن کے نظریہ میں یہ بات واضح ہو گئی کہ معیشت کی ترقی کیلئے آخرت کا تصور ر...

ماہرین معاشیات کے نظریات

سود کی ادائیگی ماہرین معاشیات کے نزدیک ضروری ہے۔ اس کے لئے مختلف نظریات پیش ... ہیں۔ (۱) نظریہ اجتناب یا انتظار کشی (WAITING THEORY) روپیہ بچا کر کسی کو قرض دینا ...

... تکلیف دہ عمل ہے اس کا معاوضہ سود ہے۔ یہ پروفیسر کینز کی رائے ... کارل مارکس نے اعتراض کیا ہے کہ ضروری نہیں کہ روپیہ ... برداشت کرنی پڑے۔ کیونکہ امیر لوگ بغیر تکلیف اٹھائے روپیہ بچا سکتے ... قربانی کا معاوضہ نہیں۔ اس لئے مارشل نے تعریف بدل کر تکلیف کی ... استعمال کیا۔ اس لئے کہ جب کوئی کسی کو قرض دیتا ہے تو یہ آدمی اپنی ... موخر کرکے مستقبل میں پورا کرتا ہے۔ اسی طرح اس کو انتظار کرنا ... صلہ سود ہے۔ ان من گھڑت نظریات کی کوئی حقیقت اور حیثیت نہیں ... بھی صحیح نہیں کیونکہ کچھ نہ کچھ انتظار تو ہر کمائی والے ذریعہ میں کرنا پڑتا ... حقوق کی حصول کے لئے انتظار کرنا پڑتا ہے لیکن اسی انتظار کا ... دیا ہے نہ کسی نے طلب کیا ہے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافر ٹکٹ خرید چکے ... کے آنے کے لئے انتظار کی سخت گھڑیاں برداشت کرتے ہیں۔ گاڑی میں ... وقت ہوتا ہے لیکن اس تکلیف دہ انتظار کا کسی نے آج تک معاوضہ ادا ... نظریہ بھی غلط ہے بینک جب کسی کو قرضہ دیتا ہے تو یہ نظریہ اس میں بے ... ہے۔ کیونکہ بینک ایک ایسا ادارہ ہے جو بنا ہی سودی کاروبار کے لئے ہے۔ ... کشی ہے نہ قربانی اور نہ بینک کے عام آدمی کی طرح ضروریات ہیں کہ بینک ... مستقبل کے لئے موخر کر دے۔ یہ کہنا بھی ٹھیک نہیں کہ قرض دینے ... موخر کرکے قرضہ دیتا ہے۔ اس لئے کہ جو واقعی ضرورت مند ہو وہ موخر ... قرضہ دینے کے بعد پتہ چلتا ہے کہ اس کے پاس یہ رقم زائد از ضرورت ... چیز کو کہتے ہیں جس کے بغیر انسان کا گزارہ نہ ہو سکے۔ قرضہ دینا ایک لحاظ ... لیکن یہ ایک نیک عمل ہے اور اس کا اجر اللہ سے لینا ہو گا۔ قرض دینا ... ہے جب قرض خواہ نے قرضہ دار سے اصل زر کے علاوہ زائد مال معاہدہ ... کر لیا تو قرض خواہ کے اس عمل کو کوئی بے وقوف ہی قربانی کہے گا۔ اصل ... کا ہے جو کسی کو قرض حسنہ دے اور اس کا اجر اللہ سے طلب کرے۔

... ترجیح کا نظریہ (Liquidity Preference Theory)

Scanned with CamScanner

لارڈ کینز کہتا ہے کہ قرض دینے والا اپنی رقم کو نقد زر کی صورت میں رکھنے سے دستبردار ہو جاتا ہے۔ ورنہ یہ قرض دینے والا اس رقم سے اپنے مختلف مقاصد پورے کر سکتا تھا۔ لہٰذا رقم کی نقدیت یا سیال پذیری سے دست برداری اور محرومی کا صلہ سود ہے۔

یہاں پھر یہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کونسے ضروری مقاصد تھے جن کو قرض خواہ قرض دے کر قربان کرتا ہے سیدھی سادی بات ہے کہ سودی کاروبار کرتا ہے ایک غلط اور غیر شرعی کمائی ہے اپنی نقدیت سے کسی قسم کی محرومی یا دستبرداری نہیں مختلف قسم کی کاروباروں میں لوگ پیسہ خرچ کرتے ہیں اس طرح سود خور بھی اپنی رقم اس سودی کاروبار میں انوسٹ کرتا ہے۔

کسی تاجر نے آج تک یہ نہیں کیا کہ تجارت میں اتنی رقم لگا کر اس سے محروم یا دست بردار ہو گیا ہو۔ بلکہ اس کا یقین ہوتا ہے کہ رقم لگا دی اب ان شاء اللہ اس کا فائدہ حاصل کرے گا۔ سود خور بھی سود کو ایک تجارت سمجھ کر ایسا ہی کرتا ہے۔ اس کے جواز کے لئے ایک تراش لیا کہ مال قرض دے کر اس کی نقدیت سے محروم یا دست بردار ہو گیا ہوں۔

3۔ واپس نہ ملنے کا خطرہ

قرض دینے والے کو مال کے ملنے یا نہ ملنے کا تھوڑا بہت خطرہ رہتا ہے۔ اگر قرض خواہ قرض دینے کی بجائے اپنی بچت کو دفن کر دے تو یہ خطرہ ٹل جاتا ہے۔ لوگ اس لئے سود دینے کے لئے تیار ہوتے ہیں کہ قرض خواہ مال دفن کرنے کی بجائے ان کو دیتے ہیں یہ بالکل موھوم نظریہ ہے۔ اس قسم کی موھوم خطرات کم یا زیادہ دنیا کے ہر کاروبار میں ہوتے ہیں اس نظریہ کو قبول کرنا وہم کی اتباع ہے۔ شاذ و نادر واقعات رونما ہوتے ہوں گے۔ لیکن ان کو قاعدہ کلیہ بنانا عقل مندی نہیں بلکہ محض جہالت اور ہٹ دھرمی ہے۔ ایک مسلمان جذبہ کے تحت کسی کو قرض دے تو دوسرا مسلمان اس کے مال کو بالکل ہضم کرنے کا تصور نہیں کر سکتا۔ اگر کوئی قرض دار سارے مال کو یا بعض مال غبن کر دے تو شریعت اس ضامن ہے قرض دار سے وہ مال حسب قانون قرض خواہ کو دلوائی گی۔ اس طرح قرض خواہ

کا خطرہ نہیں رہتا۔ قرض دار کے پاس مال اگر ضائع ہو جائے تو وہ مال نہیں بلکہ قرض دار کا ہے کیونکہ قرض لینے کے ساتھ انسان اس مال کا مالک بن قرض دار کا اپنا مال ضائع ہوا۔

کی قلت (Scarcity)

طلب یہ ہے کہ سرمایہ کی رسد اس کی طلب کے مقابلہ میں کم ہے۔ ہر آدمی کی بہتات نہیں اب جن کے پاس دولت نہیں اور وہ کاربار کرنا چاہے تو وہ سود دینے کے لئے تیار ہوتا ہے۔ اس نظریہ کے مطابق سود کی وجہ سرمایہ کی نظریہ بھی سود کے جواز کے لئے سود مند ہیں۔ یہ نظریہ تو اس وقت کیا ہے۔ یہ سود کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہ ہوتا۔ حالانکہ شریعت اسلامیہ میں سرمایہ کی مضاربت کا طریقہ موجود ہے ایک کا سرمایہ ہو گا دوسرے کا عمل اور محنت اور جائز صورتیں ہو سکتی ہیں لہٰذا سرمایہ کی قلت کے وقت لین دین کا شرعی امکان میں ناجائز اور حرام کے ارتکاب کی کیا ضرورت ہے اس امکان شرعی کے باوجود کو اپنا لادینی اور الحاد ہے۔ ایسے نظریات غیر مسلموں کے یہاں تو چل سکتے ہیں مسلمان اس کے لئے کبھی بھی تیار نہیں ہو سکتا۔

پیداواریت (Productivity)

سود اس کی پیداواری کی وجہ سے ادا کیا جاتا ہے۔ جو شخص سرمایہ قرض لیتا ہے وہ زید پیداوار حاصل کرتا ہے مثلاً" ایک کاشتکار ٹریکٹر یا ٹیوب ویل کے بغیر اتنا اناج پیدا کتا ہے جتنا کہ ٹریکٹر اور ٹیوب ویل کے ساتھ پیدا کر سکتا ہے اس لئے قرض دینے حق پہنچتا ہے کہ وہ اس زائد پیداوار سے اپنا حصہ سود کی صورت میں وصول بالکل صحیح نہیں اس لئے کہ قرض دینے والا جب قرض دیتا ہے ۔تو شروع ہے سے

ایک خاص فیصد شرح مقرر کر دیتا ہے۔ حالانکہ پیداوار کی کمی یا زیادتی کا ابھی تک کوئی پتہ نہیں چلتا۔ اس نظریہ کے مطابق اضافی پیداوار کے بعد شرح سود لگانی چاہیئے جس کی وجہ سے سود میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ اس نظریہ میں یہ خرابی بھی ہے کہ ضروری نہیں کہ قرض لینے والا پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لئے قرض لیتا ہے بعض اوقات لوگ اپنی اشد ضروریات کے لئے قرضہ لیتے ہیں جہاں نظریہ پیداواریت بالکل مفقود ہوتا ہے۔ ایسے وقت میں ان ماہرین معاشیات کے نزدیک بھی سود لگانا ظلم ہونا چاہیئے حالانکہ ان کے نزدیک سود بہرحال ...

خلاصہ:۔

ماہرین کے نزدیک سرمائے پر سود اس لئے دینا پڑتا ہے کہ ایک تو لوگوں کو ترغیب دی جائے کہ وہ صرف کا عمل (CONSUMPTION) ملتوی کر دیں اور اس کی بجائے اپنی رقم سرمایاتی اثاثوں (Capital Assets) میں لگا دیں اور دوسری اس لئے کہ انہیں رغبت دلائی جائے کہ وہ ان بچتوں کو نقد دفینوں (Hoardings) کی شکل میں رکھ چھوڑیں۔

ماہرین معاشیات لوگوں کو مذکورہ نظریات کی صورت میں صرف سبز باغ دکھاتے ہیں لیکن ایک مسلمان کا یہ عقیدہ ہونا چاہیئے کہ سود نصوص قطعیہ اور اجماع کے ساتھ حرام ہے بلکہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ اعلان جنگ ہے اللہ اور اس کے رسول کی دشمنی مول لینے کے بعد سودی معیشت ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتی اور کیسے ہو گی جبکہ خالق ماہرین معاشیات نے متبادل طریقہ بتلا کر اس کو حرام قرار دے دیا۔ اس کے بعد بھی اگر ایک مسلمان سودی معیشت کو وقت کی ضرورت کہہ کر یا خود کو مجبور سمجھ کر اس پر چلنا شروع کر دے تو یہ ایمان کی کمزوری ہے۔ ایسی معیشت پر ہنود' یہود بانیان سود اور غیر مسلم تو چل سکتے ہیں لیکن مسلمان اپنی آخرت تباہ نہیں کر سکتا۔

الافتاء

مفتی غلام الرحمٰن

وطن اقامت کا انشاء سفر سے بطلان اور بچوں کے امتحان کے لئے قرآن کی ایت میں تقدیم و تاخیر!

میں ڈیرہ اسماعیل خان کا رہنے والا ہوں ملازمت کے سلسلہ میں یہاں پشاور میں رہائش ہے۔ میری حالت کچھ یوں ہے کہ ہر جمعرات کو گھر جانے کی کوشش ہوتی ہے اگر کسی جمعرات کو ضرورت کی وجہ سے گھر نہ جاؤں تو ہفتہ میں کسی دوسرے دن یا دوسرے دن کو گھر جانا ضروری ہوتا ہے یوں مجھے پشاور میں پندرہ دن تک قیام کا موقعہ نہیں ملتا ایسی حالت میں میری نماز کا کیا حکم ہے؟

کیا میں قصر پڑھونگا یا پوری نماز پڑھنے کی گنجائش ہے جبکہ میری یہ کیفیت سالوں تک ممکن ہے میں پوری ملازمت میں کہیں مستقل طور پر وطن اصلی کو تبدیل نہ کروں۔ اگر میری یہ حالت سفر کا ہو تو کوئی ایسا طریقہ بتائیں جس کو اپنا کر میں مقیم شمار ہوں اور پوری نماز پڑھنے کی سعادت حاصل کروں۔

نیز سفر میں سنت پڑھنے کا کیا حکم ہے۔

بینواتو جروا

امجد اقبال پشاور

الجواب وبا اللہ التوفیق۔

سوال میں تین باتیں قابل غور ہیں۔

(۱) پشاور میں ملازمت کرتے ہوئے جب رہائش ہو تو یہ آپ کا کون سا وطن شمار ہو گا اور اس کے مطابق عمل ہو۔

(۲) وطن اصلی سے سفر کی مسافت پر دور رہنے کی صورت میں سفر کا حکم کب تک رہیگا اس میں کوئی تحدید ہے یا پوری عمر سفر میں رہنا ممکن ہے۔

(۳) سفر کی حالت میں سنت پڑھنے کا حکم۔

اول الذکر مسئلہ کے بارے میں عرض ہے کہ محررہ حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے پشاور آپ کا وطن اصلی نہیں جب تک اقامت کی نیت نہ ہو تو وطن سفر رہیگا البتہ باقاعدہ نیت کے بعد یہ وطن اقامت شمار ہو گا ۔ وطن سفر ہونے کی صورت میں آپ کے لئے نماز وہی حکم ہے جو عام مسافر کے لئے ہے کہ چار رکعات والی نماز میں دوگانہ پڑھینگے حالت کسی خاص وقت تک محدود نہیں بلکہ اگر پشاور میں سفر کی حالت میں رہتے ہوئے آپ سالوں کے سال گزرے تو پھر بھی آپ قصر کریں گے گویا وطن سفر میں پوری نماز پڑھنے کے لئے باقاعدہ اقامت کی نیت کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں لمافی الھندیہ

ولایزال علی حکم السفر حتی ینوی الاقامة فی بلدة اوقریة خمسه عشریوما" او اکثر (ج۱/139)

ترجمہ ۔ اور ہمیشہ کے لئے سفر کا حکم ہو گا جب تک کسی گاؤں یا شہر میں باقاعدہ پندرہ دن کی اقامت کی نیت نہ ہو ۔

نیت اقامت کی شرائط

کسی جگہ میں اقامت کی نیت میں چار چیزوں کی رعایت ضروری ہے

(1) اقامت کی نیت ہو ۔

(2) مدت اقامت کی نیت ہو ۔

(3) کسی ایک جگہ میں رہنے کی نیت ہو ۔ورنہ دو جگہوں میں رہنے کی نیت معتبر نہیں ۔

(4) جہاں اقامت کی نیت ہو وہاں کی اقامت کی صلاحیت شرط ہے ۔

(بدائع الصنائع 97/1)

اس لئے آپ نے پشاور میں مستقل رہائش کی اگر نیت نہیں کی بلکہ تبدیلی کے چکر میں آج کل کرتے ہوئے اگر اس پر سالوں کے سال گزر جائے پھر بھی آپ مسافر رہینگے البتہ پندرہ دن کی باقاعدہ نیت کے بعد پشاور وطن اقامت شمار ہو کر آپ اتمام کرو گے ۔ لیکن وطن اقامت میں جانے کے بعد اگر پھر کبھی آپ کو ڈیرہ اسماعیل خان جانا ہوا یا کسی دوسری جگہ جانے کا اتفاق ہوا تو کیا انشاء سفر سے یہ وطن اقامت باطل رہیگا یا نہیں ؟

وطن اقامت کا انشاء سفر سے باطل ہونا

کتابوں کی اس عبارت کہ "ووطن الاقامة یبطل بوطن الاقامة و بانشاء
...لکھے ہوئے یہ حقیقت ظاہر ہے کہ وطن اقامت سے جب انشاء سفر ہو تو
...نہیں رہے گا اس لئے جب کبھی آپ سفر کی نیت سے پشاور سے نکلیں
...دوبارہ نیت کی ضرورت ہوگی ورنہ اگر کہیں دوبارہ پندرہ دن کی اقامت کا
...تو آپ مسافر شمار ہونگے یہ صورت بعض اوقات بڑی پیچیدگیوں کا باعث بنتی
...ذخائر کی طرف مراجعہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ فقہاء کرام کی عبارت
...نقل کرنا دانشمندی نہیں

...والے کی حالت اور رویہ کو مد نظر رکھنا چاہیے اگر مسافر کا مقصد یہ ہو کہ
...سے جانے میں اس کا عزم ہو واپس آنے کا کہیں پروگرام نہیں تو پھر
...سفر سے وطن اقامت باطل رہے گا ۔ لیکن اگر انشاء سفر سے کہیں کسی
...ضرورت کو پورا کر کے یہاں دوبارہ واپس آنا ہو تو ایسے سفر کے انشاء سے وطن
...باطل نہیں ہوگا ۔

...ابتداء اس وقت وطن اقامت کی حیثیت متاثر کرتی ہے کہ جب وطن اقامت
...بے زاری اور اعراض کی نشاندہی کرے ورنہ پھر انشاء سفر سے وطن اقامت کا
...ہے ۔ علامہ کاسانی رحمۃ اللہ علیہ اس علت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں
...بالسفر ایضا لانه توطنه فی هذا المقام لیس للقرار
...حاجة فاذا سافر منه یستدل به علی قضاء حاجة فعاد
...عن التوطن به فعار ناقضاله دلالة (بدائع الصنائع ج 2 /104)
...اور وطن اقامت سفر سے بھی باطل ہوگا کیونکہ اس میں رہائش مستقل بنیادوں پر
...بلکہ اپنی ضرورت کے لئے اس نے رہائش اختیار کی تھی جب اس نے سفر کیا
...کہ اس کا مقصد پورا ہوا پس جاتے ہوئے یہ اس وطن سے اعراض کرایا ہے
...اس کے لئے ناقص ہے اس لئے جہاں کہیں انشاء سفر سے اعراض مراد نہ
...اقامت کی حیثیت اپنی حالت پر رہے گی چنانچہ ابن نجیم فرماتے ہیں جب
...شخص کا سامان کہیں پڑا ہوا ہو تو کوچ کرنے سے وطن اقامت کی حیثیت متاثر

"وطن الاقامة - يبقى ببقاء الثقل وان اقامه بموضع اخر (بحر الرائق ج ۲ص ۱۴۷)

ترجمہ۔ جیسا کہ وطن اقامت میں سامان باقی رہنے کی صورت میں وطن باطل نہیں ہو
اگرچہ کسی دوسری جگہ میں رہائش اختیار ہو ۔
اس لئے آپ اگر ایک دفعہ پشاور کو وطن اقامت بنالیں ۔ یعنی باقاعدہ پندرہ دن کی نیت
کرکے قیام کریں ۔ تو جب تک آپ کی ملازمت ہو ۔ تو باربار آنے جانے سے حیثیت
متاثر نہیں ہوگی ۔ جیسا کہ وطن اصلی میں بغیر کسی قیام کی نیت کے آپ اتمام کریں
ایسا ہی وطن اقامت میں بھی آپ پوری نماز پڑھیں گے

۳ ۔ سفر کے دوران سنن اور نوافل میں قصر نہیں البتہ اگر دوران سفر سنت چھوڑے
کوئی خرج نہیں لیکن جہاں کہیں اطمینان اور قرار ہو تو پھر سنت پڑھنا زیادہ مناسب
لما فی الھندیه - ولا قصر فی السنن ---- و بعضھم جوز
للمسافر ترک السنن والمختار انه لاياتی بھما فی حال الخوف
ویاتی بھما فی حال القرار والامن (ج ۱ ص ۱۳۹)
ترجمہ:۔ سفر کے دوران سنن میں قصر نہیں ------ بعض علماء نے سفر میں سنن
چھوڑنے کی اجازت دی ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ بے قراری کی حالت میں سنن بے شک
نہ پڑھیں لیکن امن و اطمینان کی حالت میں سنن کی ادائیگی زیادہ مناسب ہے

سوال ۔ اگر بچوں کے امتحان کے لئے کسی آیت میں تقدیم و تاخیر کرکے طلباء کی صلاحیت
کا جائزہ لیا جائے تاکہ قوت یاداشت معلوم ہو مثلاً "اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ"
"اَعۡطَیۡنٰکَ اِنَّآ الۡکَوۡثَرَ" پرچہ میں لکھا جائے تاکہ طلباء غور و حوض کرکے آیت
مکمل کریں کیا ایسا طریقہ اختیار کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں :۔

بینو اتوجروا ۔

الجواب و باﷲ التوفیق ۔
قرآن مجید اﷲ تعالیٰ کی عظیم الشان کتاب ہے اسکی عظمت کا تقاضا ہے کہ عام کتابوں کی
طرح اس کو نہ سمجھا جائے یہی وجہ ہے کہ اس کے پڑھنے اور تلاوت کے خاص آداب

قرآن کو ہاتھ لگانے اور اٹھانے کے بھی کچھ آداب ہیں ۔ قرآن میں لفظ اور معنی
ترتیب بھی خاص اہمیت کا حامل ہے ۔ یہاں تک کہ جملوں اور کلمات
ترتیب بدلنے سے آیت باقی نہیں رہتی اس لئے صورت مسئولہ میں امتحان کے

کی ترتیب کو بدل دینا قرآن کے آداب کی منافی ہے ۔
امتحان کے لئے یہ طریقہ اپنانا خود بچے کے ذہن سے قرآن مجید کی عظمت
کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے یوں کرتے ہوئے بچے آخر کار قرآن کا موازنہ ایک
سے کرینگے ۔ علاوہ ازیں یہ بھی ضروری نہیں کہ بچوں سے پوچھی ہوئی آیت
حل کرکے پیش کریں ممکن ہو یہ طریقہ اپنانا آیت کے غلط پڑھنے کے لئے سبب

کے جائزہ لینے کے لئے دوسرے طریقے زیادہ مفید ہیں اس لئے اس طریقہ اپنانے
کی نسبت سے نقصان زیادہ ہے ۔

واللہ اعلم بالصواب

غلام الرحمن عفی عنہ
۱۸/۵/۱۴۱۷ھ

۱۲

کس قدر اچھی تھیں کہ دین کا علم حاصل کرنے سے انکو حیاء نہیں روکتی تھی
فرض دعوت و تبلیغ، پند و نصحیت، ارشاد و ہدایت، تعلیم و تعلیم، امربالمعروف اور نہی
المنکر کے علاوہ حیاء کا عنصر انسان کی تمام اخلاقی زندگی میں کار فرما ہے اس لئے رسول اللہ
نے فرمایا۔ الحیاء لا یاتی الا بخیر۔ حیاء سے بھلائی ہی پہنچتی ہے یعنی حیاء کا انجام بھلائی ہی
ہے اور اگر انسان اس جوہر کو ضائع کرکے بے جا دلیری اور بے باکی کا مظاہرہ کرتے
بے حیائی کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کے لئے برائی کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں
لئے رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے ازالم تستحی فافعل ماشئت جب تم میں
حیاء نہ رہے تو جو چاہو کر لو۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حیاء کی صفت سے مالا
فرمائے تاکہ ہمارے لئے تمام نیک کام آسان اور برے کام مشکل ہو جائیں۔ آمین یا رب

قیمت فی پرچہ 13 روپے
زر سالانہ 150 روپے

نمونے کا پرچہ مفت طلب فرمائیں

آئیے! "الفاروق" پڑھیں

لیکن

"الفاروق" ہی کا انتخاب کیوں؟

سب سے پہلی اور اہم بات تو یہ ہے کہ "الفاروق" اپنی نوعیت کا وہ واحد اسلامی رسالہ ہے جسے ہر عام مسلمان آسانی سے پڑھ کر سمجھ سکتا ہے۔ اور اس کے علاوہ،

- "الفاروق" میں شامل مضامین دلچسپ، آسان اور معیاری ہوتے ہیں جو آسانی کے ساتھ ذہن نشین ہو جاتے ہیں۔
- "الفاروق" میں ہر ماہ ایسی تحریریں شائع کی جاتی ہیں جن کا تعلق روزانہ کی عملی زندگی سے ہوتا ہے۔
- "الفاروق" میں ایسے مضامین شائع کئے جاتے ہیں جن کو پڑھ کر عقائد کی اصلاح ہوتی ہے۔
- "الفاروق" میں شائع ہونے والے مضامین نہ صرف اسلامی معلومات میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ عمل کی ترغیب بھی دیتے ہیں۔
- "الفاروق" کا مطالعہ مسلمان کو دنیا میں ذمہ دارانہ زندگی گذارنے کا قرینہ سکھاتا ہے۔
- "الفاروق" کے مضامین دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کی تیاری کا طریقہ بتاتے ہیں۔
- "الفاروق" کے مضامین مسلمان کی انفرادی زندگی سے لے کر اجتماعی اسلامی کردار پر اثر انداز ہونے والی تحریکوں کا وقتاً فوقتاً جائزہ پیش کرتے ہیں۔

"الفاروق" اپنوں کی خامیوں کی اصلاح کرتا ہے
"الفاروق" غیروں کی سازشوں کو بے نقاب کرتا ہے

ایک ذمہ دار مسلمان کی زندگی گذارنے کے لئے ہر ماہ "الفاروق" کا مطالعہ کیجئے۔ اور اپنے اہل وعیال میں اسلامی شعور بیدار کرنے کے لئے انھیں بھی باقاعدگی کے ساتھ "الفاروق" پڑھوائیے۔

رابطہ
ماہنامہ الفاروق کراچی
پوسٹ بکس نمبر 11009، شاہ فیصل کالونی نمبر 4، کراچی، 25
فون: 4573436,4573865

قرآن
حدیث
فقہ
سیرت
تصوف
اختلاف امت
دعوت الی اللہ
جہاد فی سبیل اللہ
اخبار عالم
تحقیقات مذاہب
اسلامی زندگی
خواتین
نوجوان

مسائل حاضرہ
آخرت
طب نبوی
انٹرویو
مظاہر قدرت
ذرائع ابلاغ
سازشیں
سوانح
کارگزاریاں
مباحثہ
تاریخ
معاشیات
سائنس

...صر کے نام

جناب مفتی غلام الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم
السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

...ناب والا رب جلیل سے دعاء ہے کہ نبی پرنورؐ کے باغیچے کی رکھوالی کرنے والے ...شاد باد رہیں۔

...ناب والا آپکے مدرسے سے ہر ماہ جاری ہونے والا رسالہ "العصر" مجھے بھی باقاعدہ ہر ...تا رہتا ہے۔ بڑی اچھی کاوش ہے۔ خدا کرے کہ دن دگنی اور رات چگنی ترقی کرے۔ ...ایک طرف تو ادارے کے لئے مالی امداد کا سبب ہے لیکن دوسری طرف دین اسلام کا ...ہے۔ اصل مقصد رسالہ کا دین حق کی ترجمانی ہے۔

...جون 1996ء کے شمارے میں ایک مضمون پڑھنے کو ملا۔ اسلام نئی "امت" کی تلاش ...راقم الحروف نے اس مضمون میں اسلام کی بقاء کو سائنسی علوم سے منسلک کیا ہے۔ مضمون ...کے خیال میں اسلام اور خاص کر مسلمانوں کی کامیابی نت نئے سائنسی ایجادات اور علوم ...میں ہے۔ جبکہ رسالے ہذا کا عنوان "العصر" ہے۔ اور مصنف کے اس بیان سے یکسر ...ہے۔

...ایک طرف خالق کائنات قسم کھا کر کہتا ہے۔ کہ "نہ صرف مسلمان بلکہ تمام انسانیت ...میں ہے۔ سوائے ان لوگوں کے کہ جو ایمان لائے اور عمل صالح کرے اور حق و صبر ...کرے اب اس مخلوق کو دیکھوں جو اپنی پیدائش اور موت دونوں میں ذرا بھر بھی ...نہیں کیسے خالق کو چیلنج کرتا ہے۔

...خالق کائنات فرماتے ہیں کہ انسان کے لئے دنیا اور آخرت کی کامیابی صرف اور ...میری بندگی اختیار کرنے میں ہے۔ نہ کہ سائنس اور سائنسی ایجادات میں۔ اسلام کا ...گہرے سے گہرا مطالعہ کیا جائے۔ یہ بات سامنے آئے گی کہ مسلمان صرف اور صرف ...اتحاد اور صحیح عقیدے ہی سے کامیاب ہوئے ہیں۔ نہ کہ سامان حرب اور سائنسی ...ے اور رہی شوکت اسلام کی بات تو اسلام کو تو شوکت اس وقت سے ملی ہے کہ ...کہ محسن انسانیتؐ جلوہ افروز ہوئے۔ اور کہ جسکی بقاء کے لئے ان کے دندان ...شہید ہوئے اور جسم اطہر لہو لوہان ہوا اور کئی قسم کی صعوبتیں برداشت کیں۔ اور ...انہوں نے اپنا وطن گھربار چھوڑا اور پردیس چلے گئے۔ اور کھانا کھانے کی بجائے پتھر پیٹ

مبارک سے باندھے۔ شان و شوکت تو اس وقت سے اسلام کو ملی ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ آپؐ کے صحابہ کرامؓ نے جو محنت اسلام کی بقاء کے لئے کی اور جو شان اسلام کو بخشا شاید ا... دور کے کوئی مذہب دکھائے۔

ایک شاعر کہتا ہے۔

اسلام کا زمانے میں سکہ بٹھا دیا
اپنی مثال آپ ہے یاران مصطفیٰ

زیر بحث مضمون میں مصنف کہتا ہے کہ اہل مغرب نے سائنسی ترقی کی ہے۔ ا... میں شک نہیں کہ انہوں نے ہم سے زیادہ اس میدان میں ترقی حاصل کی ہے یا کرلی لیکن کیا ترقی ہے کہ ایٹم بم بناکر اب خود اس سے ڈر رہے ہیں۔ کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی دوسرا بھی بنالے اور پھر ہم ہی پر استعمال کرلے۔ اس مقصد کے لئے ساری دنیا میں واویلا کر رہا ہے کہا کہ اسے روکنا چاہئے۔ گاڑیاں بناکر اب اس کے دھویں سے ڈر رہے ہیں اور کہ ر... ہیں کہ یہ تو اب کینسر کا باعث بن رہا ہے۔ کیا خاک ترقی کرلی انہوں نے؟ انہوں نے تو ... اپنے ہاتھوں سے ہی تباہی کے اسباب بنا لئے ہیں اور اسی بات پر اب پریشان حال ہیں۔ چل... چلتے کھانا کھاتے ہیں کھڑے کھڑے پیشاب کرتے ہیں اور کپڑے اتار کر ننگے پھرتے ہیں۔ نہ ... نہ شرم نہ انسانیت۔ وہ تو انسان سے جانور بن گئے ہیں۔ اوپر سے نیچے آنا ترقی ہے کیا؟ ... باپ اولاد کو نہیں پہچان رہے ہیں' اولاد ماں باپ کو نہیں۔ اگر اسی کا نام ترقی ہے تو ... لنڈھورے ہی بھلے۔ یہ کیا ترقی ہے کہ پتھر سے بت بناکر پھر اسے پوجتے ہیں۔ جو انسان ... نہیں سمجھتا وہ کیا ترقی کرے گا۔

جو سائنسی آلات اہل مغرب کے پاس آجکل موجود ہیں مسلمان کے پاس بھی ہیں ... سب کچھ ہے۔ اگر کمی ہے تو صرف اور صرف عقیدہ اور ایمان کی ہے۔ اگر کمی ہے تو ... صرف باہمی اتفاق اور اخوت کی ہے۔ ہمارے ہاں زندہ مثالیں موجود ہیں۔ 1965ء کی جنگ میں مسلمانوں کی ایک قلیل تعداد نے اپنے سے کئی گنا طاقتور اور اسلحہ سے لیس دشمن کو ما... دے دی۔ یہ کیا تھا؟ یہ سب ایمانی جذبہ اور عقیدہ توحید تھا۔ جو کار آمد ثابت ہوا۔ اور عق... ششدر رہ گئی عقل ابھی تک انگشت بہ دندان ہے۔ اس کے برعکس 1971ء میں کمزور ایما... لے کر جب ہم میدان جنگ میں اترے اور حالانکہ اس وقت نسبتاً" زیادہ سامان حرب ...

...ہیں شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔ کیوں؟ وجہ صاف ظاہر ہے۔

...ہر تعداد اور مہارت اور اسلحہ کی بات ہوتی تو ایک ناتوان اور معصوم دین اسلام اتنا مضبوط قلعہ نہ بنتا۔ ایک طرف ناتوان دین اسلام اور دوسری طرف پہاڑ جیسا مضبوط کفر کو شرم آمیز شکست اور اسلام کو شاندار فتح نصیب ہوئی۔ اور اسلام ایسا پھیلا لیکن ... دنیا مثال دینے سے قاصر ہے۔ یہ سب کچھ ایک پکے عقیدے اور مضبوط ایمان کی ممکن ہوا۔

